INCHCAPE
SHIPPING SERVICES

کاروباری طرز عمل اور
اخلاقیات کا ضابطہ

انچکیپ کا عہد

سی ای او کی جانب سے پیغام

ایک بڑے میری ٹائم سروس پرووائیڈر کے طور پر اور ملکیتی ایجنسیوں کے دنیا کے سب سے بڑے نیٹ ورک کے ساتھ، انچکیپ شپنگ سروسز کے لیے ہر اس درجے پر مثبت تبدیلی لانے کی ذمہ داری اور ایک منفرد موقع رکھتی ہے، جس پر ہم تعامل کرتے ہیں: اپنے گاہکوں اور شراکت داروں کے ذریعے میری ٹائم کے شعبے کے اندر، ان مقامی کمیونٹیوں میں، جہاں ہم کام کرتے ہیں اور پوری دنیا میں موجود ہماری افرادی قوت کے ذریعے تعامل کے وسیع تر مقامات کے ذریعے۔

یہ ہماری اولین ترجیح اور مجموعی ہدف ہے کہ ہم یقینی بنائیں کہ ہم ہمیشہ قانون کے پابند، اخلاقی اور ماحولیاتی طور پر قابل استحکام طریقے سے عمل اور کام کریں۔
ہم صرف کم از کم تقاضوں پر پورا اترنا نہیں چاہتے، بلکہ بہترین طرز عمل کے معیارات بھی واضح کرنا چاہتے ہیں۔
یہ اہداف صرف اس صورت میں حاصل ہو سکتے ہیں،
جب ہماری تنظیم کے ہر درجے پر انہیں اپنا لیا جائے۔
انچکیپ شپنگ سروسز میں ہر شخص کو ہمارے اس عہد میں شریک ہونے کی ضرورت ہے اور ایک کمپنی کے طور پر ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم درست آلات، تربیت اور جائے کار فراہم کریں۔
کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کا ضابطہ ہمارے کمپلائنس پروگرام کی بنیاد میں موجود ہے اور ہمیں روزانہ کی مشکلات سے گزرنے میں مدد دینے کے لیے لائیٹ ہاؤس کے طور پر کام کرتا ہے، جیسے صدیوں تک انچکیپ راک – جس سے ہم اپنا نام لیتے ہیں – پر موجود لائیٹ ہاؤس نے کشتیوں کو ساحلی پانیوں میں اپنا راستہ تلاش کرنے میں مدد دی ہے۔

کسی بھی صنعت کی طرح اور زندگی کے تمام شعبوں کی طرح، میری ٹائم کی صنعت کو بھی بدعنوانی، رشوت ستانی اور سہولیاتی ادائیگیوں کی صورت میں مشکلات کا سامنا ہے۔
انچکیپ شپنگ سروسز ایسے تمام غیر قانونی اور ناقابل قبول افعال کے خلاف لڑنے میں رہنمائی جاری رکھے گی۔
ہمارے پوری کمپنی کے عہد کے ذریعے، ہم نے تمام درجات کے ملازمین کو کسی قسم کے غیرقانونی یا غیراخلاقی طرز ہائے عمل کی شناخت کرنے، اطلاع دینے اور سے لڑنے کے قابل بنانے کے لیے صنعت کے بہترین ٹول باکسز میں سے ایک قائم کر دیا ہے۔
ہمارے پاس ایسے عمل درآمد موجود ہیں، جو ضمانت دیتے ہیں کہ ایسا گمنام طریقے سے اور کسی قسم کے ردعمل کے خطرے کے بغیر ہو۔
انچکیپ شپنگ سروسز گاہکوں اور صنعتی شراکت داروں کی قانون کی پابندی، اخلاقیات اور استحکامیت کے اقدامات شروع کرنے میں معاونت دینے کے لیے فعال طور پر تعاون کر رہی ہے۔
یہ ہمیں بہترین طرز عمل شریک کرنے کے قابل بناتا ہے اور کمپنیوں میں مسلسل بہتری کے ایک ماحول کو فروغ دیتا ہے۔

ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ ہمارا کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کا ضابطہ ایک زندہ دستاویز ہو، جو نئے معیارات اور قواعد پر پورا اترنے کے لیے مسلسل مثبت طور پر ارتقاء پذیر ہو۔
خلاصے کے طور پر، درج ذیل دستاویز نہ صرف اس چیز کی بنیاد ہے کہ ہم اپنا کاروبار کیسے کریں، بلکہ یہ بھی کہ ہم کمپنی کے طور پر اور انفرادی طور پر کیا ہیں۔
اپنا پورا پیشہ وارانہ کیریئر میری ٹائم کی صنعت میں گزارنے کے بعد، میں اپنی کمپنی اور عمومی طور پر صنعت کے بارے میں انتہائی پرجوش ہوں۔
میں ذاتی طور پر ہمیشہ قانونی، اخلاقی اور ماحولیاتی طور پر قابل استحکام طریقے سے عمل کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔

Frank Olsen

مشمولات

6 اقدار
8 اس ضابطے کے متعلق
10 خدشات اٹھانا
12 انسداد رشوت ستانی و بدعنوانی
14 صارفین
16 ملازمین
20 تیسرے فریقین کے ساتھ تعامل
22 استحکامیت
24 واضح پالیسیاں
26 رابطہ تفصیلات

انچکیپ کی تفصیلات

مہارتیں، عالمی قیادت، مستقبل پر مرکوز۔

درست کاروباری طرز ہائے عمل کے لیے انچکیپ کے عہد نے اس کی 170 سالہ کامیاب تاریخ کو یقینی بنایا ہے۔
انچکیپ اپنے کاروباری فیصلوں کی مستقبل تک رہنمائی کے لیے اس علم اور تجربے کو استعمال کرنے کا عزم کرتا ہے۔
انچکیپ کے گاہک اپنا کام اخلاقی عمل درآمد کے اعلیٰ ترین معیارات کے مطابق کیے جانے کے لیے پراعتماد محسوس کر سکتے ہیں۔

عالمی نقطہ نظر، لوگوں کی طاقت، ترقی پذیر سوچ

اخلاقیات اور قانون کی پابندی کے لیے انچکیپ کا عزم تمام کاروباری حصوں میں، تمام تنظیمی درجوں میں اور پوری دنیا میں تمام ممالک اور دفاتر میں ملازمین تک پھیلا ہوا ہے۔
انچکیپ اپنے لوگوں کو ان ٹولز کے ساتھ لیس کر کے طاقتور بنانے کا عہد رکھتی ہے، جو انہیں درست فیصلے کرنے کے لیے درکار ہیں۔

باوثوق، واضح، غیر پیچیدہ

انچکیپ کا کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کا ضابطہ انچکیپ کے ماحول کی عکاسی کرتا ہے: یعنی مضبوط، واضح، جامع۔

اس ضابطے کے متعلق

ضابطہ کیا ہے؟

کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کا ضابطہ (”ضابطہ“) انچکیپ کی جانب سے ایسے اہداف، اقدار اور قواعد مختص کرنے کا عہد ہے، جو واضح کرتے ہوں کہ انچکیپ اور اس کے ملازمین کیسے عمل کریں گے اور اپنا کاروبار کریں گے۔

ان میں سے کچھ قواعد انچکیپ کے قوانین و ضوابط کی پابندی کے عہد کا احاطہ کرتے ہیں، کچھ انچکیپ کے اپنے ملازمین کے حوالے سے عہد کا احاطہ کرتے ہیں، کچھ انچکیپ کی گاہکوں اور فروخت کنندگان کے ساتھ کام کرنے کے عہد کا احاطہ کرتے ہیں، اور کچھ انچکیپ کے اخلاقی طور پر کاروبار کرنے کے عہد کو بیان کرتے ہیں۔

ہر صورت میں، انچکیپ اس ضابطے میں ان معیارات پر پورا اترنے کے اپنے باضابطہ عزم کا اظہار کر رہا ہے۔

بعض اوقات، دیگر کسی بھی تنظیم کی طرح ہو سکتا ہے کہ ہم کچھ چیزوں پر پورا اتر نہ سکیں، مگر انچکیپ اپنی غلطیوں کے حوالے سے شفاف ہونے، اپنی غلطیوں سے سیکھنے اور بہتر ہونے اور بڑھنے کی کوشش کرنے کا مزید عزم کرتی ہے۔

انچکیپ اس دستاویز کو ”زندہ“ سمجھتا ہے اور اس کی باقاعدگی سے نظرثانی اور تجدید کی جائے گی، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ درست طور پر انچکیپ کے کاروبار کرنے کے طریقہ کار کی عکاسی کرے۔

اس کوڈ کو کیسے استعمال کریں

اس کوڈ کو انچکیپ کی دیگر پالیسیوں اور عمل درآمدوں کے ساتھ استعمال کیا جانا چاہیے۔

یہ اعلیٰ درجے کے قواعد کا ایک مجموعہ ہے، جو کمپنی کی دیگر پالیسیوں میں پیروی کے لیے احاطہ کن معیارات کا مجموعہ بناتے ہیں۔

انچکیپ کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ تمام ملازمین اس ضابطے کے مطابق اپنا کاروبار کریں اور اپنا طرز عمل رکھیں۔

یہ ضابطہ وہ اخلاقی بنیاد فراہم کرتا ہے، جس پر انچکیپ کا تمام کاروباری رویہ مبنی ہے۔

ملازمین کو اپنی سمجھ کو تازہ کرنے کے لیے باقاعدگی سے ضابطے کا حوالہ لینا چاہیے۔

کاروباری رویے کے متعلق مزید تفصیلی قواعد کمپلائنس پالیسیز کے اندر موجود ہیں - ملازمین کو رہنما کے طور پر ضابطے کو استعمال کرنا چاہیے، مگر مخصوص پہلوؤں کے لیے پالیسیوں سے رجوع کرنا چاہیے۔

اس دستاویز کے تازہ ترین ورژن کے لیے، برائے مہربانی انچکیپ کے انٹرنیٹ اور انٹرانیٹ پر اس دستاویز کی وضع کردہ الیکٹرانی نقل سے رجوع کریں۔

یہ کس چیز کا احاطہ کرتا ہے؟

یہ ضابطہ انچکیپ کے تمام ملازمین کا احاطہ کرتا ہے: بورڈ آف ڈائریکٹرز سے سی ای او اور اعلیٰ قیادت سے لے کر بنیادی درجے کے عملے تک۔

یہ انچکیپ کے ساتھ کام کرنے والے ذیلی ایجنٹس، ذیلی ٹھیکیداروں، فروخت کنندگان، کنسلٹنٹس اور کسی قسم کے دیگر تیسرے فریقین کے لیے بھی ضروری تقاضہ ہے - تمام لوگوں کو ضابطے کے مطابق عمل کرنے پر اتفاق کرنا چاہیے۔

ضابطے کی پابندی کرنے میں ناکامی کی صورت میں تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

اگر ضابطے اور دیگر پالیسیوں کے درمیان اختلاف ہو، تو کیاکرنا چاہیے؟

ہمارا مقصد یہ ہے کہ انچکیپ کی تمام پالیسیاں اور عمل درآمد اس کوڈ کے ساتھ ہموار ہوں۔

ایسی غیرمتوقع صورتحال میں، جس میں انچکیپ کی کوئی پالیسی اس کوڈ سے اختلاف رکھتی ہو، تو پہلا عمل گروپ کمپلائنس آفیسر یا پالیسی/عمل درآمد کے مالک سے وضاحت ہونا چاہیے۔

پالیسیوں کے لیے زیادہ مخصوص ہونا اور کچھ صورتوں میں، اس کوڈ سے زیادہ سخت ہونا عام بات ہے۔

علاقائی اور مقامی پالیسیاں بھی ضابطے سے زیادہ سخت ہو سکتی ہیں، جہاں عملیاتی یا مقامی شرائط اس کا تقاضہ کریں، اس بات کا امکان کم ہے کہ وہ کبھی بھی کم سخت ہوں۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...

خدشات اٹھانے کا

انچکیپ سمجھتی ہے کہ یہ بات کمپنی اور اس کے تمام فریقین کے بہترین مفاد میں ہے کہ جب مسائل یا محسوس کردہ مسائل کی شناخت ہو جائے اور قانون کی پابندی اور اخلاقیات کے حوالے سے خدشات سامنے آ جائیں، تاکہ کمپنی درست طریقے سے جواب دے سکے۔
اس میں معاونت فراہم کرنے کے لیے انچکیپ کمپنی کو اطلاع دینے کے کئی مختلف طریقے فراہم کرتی ہے۔

خدشات کیسے اٹھائیں

انچکیپ اپنے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ پہلے اپنے منیجرز سے بات کریں۔
یہ اکثر مسائل کے حل اور درست ہونے کا بہترین طریقہ ہوتا ہے۔
تاہم، اس قسم کے مسائل کے متعلق اطلاق دینا ہمیشہ آسان اور غیر ملازمین کے لیے مناسب نہیں ہوتا۔
لہذا، انچکیپ تیسرے فریق کی منتظم کردہ ہاٹ لائین سروس کی خدمات حاصل کرتی ہے، جو ٹیلیفون اور ویب پر مبنی اطلاع رسانی کو ممکن بناتی ہے، جس میں، اگر ترجیح ہو تو، خدشات گمنام طریقے سے اٹھائے جا سکتے ہیں۔
متبادل طور پر، خدشات مقرر کردہ کمپلائنس ای میل پتے پر یا گروپ کمپلائنس آفیسر کو براہ راست بھیجی جا سکتے ہیں۔

ملازمین کے پاس اپنے مقامی یا علاقائی ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کرنے یا انچکیپ کے اندر موجود قانونی شعبے سے رابطہ کرنے کا
انتخاب بھی ہے۔
مذکورہ بالا طریقوں میں سے کسی ایک کے ذریعے اطلاع دینے
کے حوالے سے مزید تفصیلات کے لیے اس کتابچے کے پچھلے صفحات دیکھیں۔

کس قسم کے خدشات اٹھائے جانے چاہیں؟

ملازمین یا دیگر ایسے لوگ، جو سمجھتے ہیں کہ انچکیپ کی پالیسیوں یا مقامی یا بین الاقوامی قوانین یا قواعد کی خلاف ورزی ہوئی ہے، پر آواز اٹھانے کی ذمہ داری ہے۔
انچکیپ کی کسی پالیسی کے متعلق سوال یا شک رکھنے والے کسی بھی شخص کو سوالات پوچھنے چاہیں اور وضاحت مانگنی چاہیے۔
ایسے معاملات، جن پر آواز اٹھائی جانی چاہیے، درج ذیل ہیں:

- رشوتیں، کِک بیکس یا تسہیلی ادائیگیاں
- چوری یا فراڈ
- کمپنی کی دستاویزات کو جعلی بنانا
- انچکیپ یا گاہکوں کے اثاثوں کی درست حفاظت کرنے میں ناکام ہونا
- حراساں یا پریشان کرنا
- امتیاز برتنا
- مفادات کے تصادم
- غیرمعمولی طور پر بڑے تحفے یا تفریح دی جانا یا موصول ہونا
- رازدارانہ معلومات لیک ہونا
- انچکیپ کی اقدار کے خلاف طرزعمل
- پابندیوں کے حامل یا فریقین کے ساتھ کاروبار کیا جانا
- انچکیپ کی کسی پالیسی پر ابہام

انچکیپ اپنے ملازمین سے اپنی فہم عامہ استعمال کرنے کی توقع کرتا ہے، اگر کوئی چیز درست محسوس نہیں ہوتی، تو یہ ممکنہ طور پر درست نہیں ہے۔
انچکیپ اپنے ملازمین سے یہ بھی توقع کرتا ہے کہ اگر انہیں کوئی شک ہو، تو مشورہ مانگیں۔

جب کوئی خدشہ اٹھایا جاتا ہے، تو کیا ہوتا ہے؟

انچکیپ تمام اطلاع کردہ خدشات کو بہت سنجیدگی سے لیتی ہے۔
انچکیپ گروپ کمپلائنس آفیسر کی ہدایت میں قوانین کی پابندی اور اخلاقیات کے حوالے سے اطلاعات کی غیرجانبدارانہ، فوری اور پوری طرح تحقیقات کرنے کے لیے پرعزم ہے۔
اگر اطلاع ہاٹ لائین کے ذریعے گمنام طریقے سے دی جاتی ہے، تو انچکیپ کسی قسم کے مزید سوالات درکار ہونے کی صورت میں اطلاع کے ماخذ سے، گمنام رہنے کے لیے ایک آئی ڈی کوڈ استعمال کرتے ہوئے، رابطہ کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کر سکتی ہے۔

اگر اس بات کا تعین کر لیا جائے کہ کوئی غلط کام ہوا ہے، تو موزوں تادیبی کارروائی یا اصلاحی عمل کیا جائے گا۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...

انتقامی کارروائی سے تحفظ کا

انچکیپ کسی بھی ایسے ملازم یا تیسرے فریق کی حفاظت کرنے کا عہد کرتی ہے، جو اچھی نیت سے کوئی اطلاع دیتا ہے۔
انچکیپ انتقامی کارروائی کے خلاف سخت پالیسی رکھتی ہے، جو مخلص اور ایماندارانہ خدشے کے تحت آواز اٹھانے والے کسی بھی شخص کی حفاظت کرتی ہے۔
یہ تحفظ تمام ملازمین کا تنظیم کے اندر ان کے درجے سے قطع نظر احاطہ کرتا ہے۔
اس کے علاوہ، انچکیپ گمنام ماخذوں کی شناخت دریافت کرنے کے لیے کوئی بھی کوشش نہیں کرے گا۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...

اندرونی جائزے

انچکیپ نہ صرف موصول ہونے والی کسی قسم کی رپورٹوں پر عمل کرے گی، بلکہ ساتھ ہی کاروباری طرزعمل اور اخلاقیات کے ضابطے اور قانون کی پابندی کی دیگر پالیسیوں کی اپنی پیروی کا تعین کرنے کے لیے فعال طور پر باقاعدگی سے اندرونی آڈٹس کرتی رہے گی۔
انچکیپ ایک اندرونی آڈٹ کے برقرار کو برقرار رکھنے اور چلانے کا عہد کرتی ہے، جس کا کام پوری دنیا میں انچکیپ کے طریقوں اور کاموں کی نظرثانی کرنا ہو گا۔
یہ شعبہ اپنے تمام نتائج کو براہ راست انچکیپ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے رکھے گا اور اس کے پاس انچکیپ کے تمام شعبوں اور افعال کی نظرثانی اور تحقیق کرنے کا اختیار ہو گا۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...

انسداد رشوت ستانی و بدعنوانی

یہ بات ایک بدقسمت حقیقت ہے کہ پوری دنیا میں ہر صنعت میں بدعنوانی کسی نہ کسی صورت میں موجود ہے۔
انچکیپ باقاعدگی سے دنیا کے ایسے حصوں میں کام کرتی ہے، جہاں بدعنوانی عام ہے۔
انچکیپ ہر وقت تمام جگہوں پر مقامی قوانین، بین الاقوامی قوانین، فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (FCPA)، یو کے برائبری ایکٹ، کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کے ضابطے اور دیگر کسی قسم کے ضروری قواعد کی پابندی کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
انسداد رشوت ستانی و بدعنوانی

انچکیپ دنیا کی تقریبًا ہر بندرگاہ میں بلاواسطہ یا بالواسطہ کام کرتی ہے۔
مختلف بندرگاہوں میں مختلف مسائل اور بدعنوانی کے حوالے سے مختلف روایات ہوتی ہیں۔
انچکیپ رشوت اور بدعنوانی کو برداشت نہیں کرتی، بےشک جو بھی بندرگاہ ہو۔
انچکیپ کسی بھی صورت میں کہیں بھی کسی بھی شخص کو رشوت، کِک بیکس یا سہولیاتی ادائیگیاں نہیں دے گی یا ان کو ممکن نہیں بنائے گی۔
انچکیپ قبول کرتی ہے کہ کچھ حالات میں، یہ نقطہ نظر انچکیپ کے کام کو زیادہ مشکل بنائے گا۔
تاہم، ایسے رویے کی ممانعت کرنے والے مقامی اور بین الاقوامی قوانین سے بھی اوپر انچکیپ کا اخلاقی کاروباری رویے میں یقین ہے۔

انچکیپ کسی کے لیے بھی اس طریقہ کار سےنہیں ہٹے گی۔
عملی طور پر، انچکیپ کی پالیسی یہ ہے کہ یہ حکومت یا بندرگاہ کے افسران یا فروخت کندگان یا صنعت کے اندر کسی بھی شخص کو کبھی رشوتیں یا دیگر قسم کی ادائیگیاں نہیں دے گی۔
اسی طرح، انچکیپ کبھی بھی غیراخلاقی ادائیگیاں قبول نہیں کرے گی۔
انچکیپ کبھی بھی کسی گاہک کو رشوت دینے میں سہولت فراہم نہیں کرے گی اور انچکیپ کسی بھی ایسے گاہک کی حمایت کرے گی جو بدعنوانی کے خلاف قدم اٹھائے۔
انچکیپ کسی بھی ایسے تیسرے فریق کے ساتھ کام نہیں کرے گی اور ایسے لوگوں کو کام پر نہیں رکھے گی، جو ایسی سرگرمیوں کا حصہ ہوں۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اینٹی غلامی اور انسداد اسمگلنگ

انچکیپ اپنی کاموں اور سپلائی چین میں جدید دور کی غلامی اور انسانی سمگلنگ سے بچنے کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ ان سرگرمیوں کو برداشت نہیں کرتی اور ایسے نظام اور ضابطے نافذ کرنے کا عہد کرتی ہے، جن کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہو کہ تنظیم کے اندر کسی بھی جگہ جدید دور کی غلامی نہ چل رہی ہو۔
پالیسی کا یہ نقطہ نظر بچوں سے مزدوری اور غیرمنصفانہ اجرت، کام کے اوقات اور ملازمت کے طرز عمل تک جاتا ہے۔
ان معیارات کا انچکیپ کے ایجنٹس، فروخت کنندگان اور تیسرے فریقین، جن کے ساتھ انچکیپ کام کرتا ہے، پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔

انچکیپ کا...

اپنے گاہکوں سے عہد

انچکیپ گاہکوں کے لیے اپنی ذمہ داری کو سمجھتی اور قبول کرتی ہے۔
انچکیپ اپنے گاہکوں کی جانب سے اپنا کام قانونی، پابند اور اخلاقی طریقے سے کیے جانے کو دی جانے والی اہمیت کا اندازہ کم نہیں رکھتی۔
انچکیپ روزانہ ہر کام میں اخلاقی کاروباری طرزعمل کا عہد کرتی ہے

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اپنے گاہکوں کے معیارات پر پورا اترنا

انچکیپ کا ضابطہ، کمپلائنس پروگرام اور کمپلائنس پالیسیاں اس کی صنعت کے لیے مخصوص طور پر بنائی گئی ہیں اور ناجائز طور پر حاکمانہ یا محدود کن ہوئے بغیر سخت ہیں۔
انچکیپ پراعتماد ہے کہ اس کا ضابطہ گاہکوں کے اپنے ضابطے پر پورا اترے گا یا اس سے بڑھے گا۔
اس کے باوجود، انچکیپ اپنے گاہکوں کے قانون کی پابندی کے معیارات کی نظرثانی کرنے پر ہمیشہ تیار ہو گی اور، جہاں معقول اور ممکن ہوا، ان معیارات کو اختیار کرے گی۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
شفافیت کا

اانچکیپ اپنے گاہکوں کے کاروباری معاملات سے ایسے نمٹنے کا عہد کرتی ہے، جیسے وہ اس کے اپنے ہوں۔
عملیاتی طور پر، انچکیپ تمام متعلقہ معلومات بروقت فراہم کرنے اور گاہکوں کو ایسی صورتحالوں سے آگاہ رکھنے، جن کا انہیں علم ہونا چاہیے، کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ اپنے تمام کاروباری معاملات میں شفاف طریقے سے عمل کرنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اعلی درجے کی قانونی پاسداری کا

انچکیپ ایک عالمگیر کمپنی ہے، جس کے دفاتر اور کام پوری دنیا میں ہیں۔
انچکیپ سمجھتی ہے کہ مختلف ملکوں کے اپنے قوانین، قواعد اور روایات ہوتی ہیں۔
اگرچہ انچکیپ ان مختلف مقامات پر عملیاتی فرق سے مطابقت اختیار کرنے پر فخر محسوس کرتی ہے،تاہم، اس کے قانونی پاسداری کے معیارات میں کوئی لچک نہیں دکھائی جاتی۔

پوری دنیا میں، اس ضابطے میں موجود جامع معیارات کا اطلاق ہوتا ہے اور انہیں مقامی روایات کے مطابق ہلکا نہیں کیا جائے گا۔

گاہک مطمئن رہ سکتے ہیں کہ انچکیپ جس طرح ایک ملک میں کاروبار کرتی ہے، وہ اسی طرح ہر ملک میں کاروبار کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اپنے گاہکوں کے ساتھ کھڑے ہونے کا

بدعنوانی اور رشوت کے خلاف ایک سخت نقطہ نظر رکھنے سے اضافی مسائل پیش آتے ہیں۔
اس سے انچکیپ کا کام کرنے کا طریقہ متاثر ہو سکتا ہے، عمل درآمد آہستہ ہو سکتے ہیں یا اس کا مطلب ہو سکتا ہے کہ انچکیپ کو کسی سروس کے لیے زیادہ قیمت دینی پڑے۔
اخلاقی رویہ اکثر آسان ترین انتخاب نہیں ہوتا اور انچکیپ اور اس کے گاہکوں، دونوں کے لیے عملیاتی مشکلات کے ساتھ آ سکتا ہے۔

اس کے باوجود، انچکیپ اپنے معیارات کو کم نہیں کرے گی، بے شک جتنا بھی دباؤ ہو۔
جہاں گاہک، فروخت کنندگان اور دیگر تیسرے فریقین انچکیپ کی انسداد رشوت ستانی و بدعنوانی کے عہد میں شریک ہیں، انچکیپ انہیں مشکل صورتوں سے گزرنے میں حمایت، مشورہ اور معاونت فراہم کرنے کے لیے سب کچھ کرے گی۔

انچکیپ کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ کھڑی ہو گی، جو بدعنوانی کے خلاف قدم اٹھائے گا۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
حکومتی گاہکوں کے ساتھ کاروبار کرنے کا

حکومتی گاہکوں - بشمول حکومتی ایجنسیاں، فوجیں اور این جی اوز - کے ساتھ کاروبار کرنا ایک ایسا مقام ہے، جس میں انچکیپ قانونی پاسداری کے قواعد کا ایک مزید سخت مجموعہ رکھتی ہے۔

ان گاہکوں سے لین دین کرتے ہوئے انچکیپ کی کسی قسم کے بھی غیرمناسب عمل کے حوالے سے مکمل عدم برداشت کی پالیسی ہے اور اس کی تادیبی کارروائی مزید سخت ہو گی۔

انچکیپ اپنے کاروبار کے اس حصے کے حوالے سے مخصوص پالیسیاں رکھتی ہے اور یقینی بناتی ہے کہ ان اداروں کے ساتھ کسی قسم کے کام کو خصوصی تربیت کے حامل ماہرین منتظم کریں۔

انچکیپ ایک ڈُوئنگ بزنس ود گورنمنٹ کسٹمرز پالیسی برقرار رکھتی ہے اور حکومتی گاہکوں کے تقاضوں کی پابندی کے حوالے سے سوالات کے حامل ملازمین یا فروخت کنندگان کو گورنمنٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ یا گروپ کمپلائنس آفیسر سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
تیسرے فریقین کے لیے قانونی پاسداری کا نفاذ کرنے کا

انچکیپ کے گاہک پوری دنیا میں ہزاروں تیسرے فریقین کو منتظم کر کے اعلیٰ معیار کی اور بھروسے مند خدمات فراہم کرنے کے لیے انچکیپ پر انحصار کرتے ہیں۔
یہ بات اہم ہے کہ انچکیپ کی جانب سے اپنے لیے مختص کیے گئے ان معیارات کو اس کے ذیلی ایجنٹس، فروخت کنندگان، ذیلی ٹھیکیدار، فراہم کنندگان، عارضی عملہ اور کنسلٹنٹس بھی برقرار رکھیں۔
انچکیپ تمام فروخت کنندگان سے انچکیپ کے کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کے ضابطے کو اختیار کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔

ان معیارات سے انکار کرنے والے یا انہیں برقرار رکھنے سے قاصر تیسرے فریقین کو انچکیپ کے فراہم کنندگان کے مجموعے سے ہٹا دیا جاتا ہے۔

انچکیپ کا...

اپنے ملازمین سے عہد

انچکیپ چاہتی ہے کہ اس کے ملامین اور ان کی فراہم کردہ سروس صنعت میں بہترین ہو۔
اس کے حصول کے لیے انچکیپ اپنے ملازمین کو وہ ٹولز فراہم کرنے، جو انہیں اپنے کرداروں میں کامیاب ہونے کے لیے درکار ہیں اور کام کا ایک ایسا ماحول فراہم کرنے کا عہد کرتی ہے، جو محفوظ، خوشگوار اور مائل کن ہو۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
برابری کا

انچکیپ قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے حوالے سے تمام ملازمین کے ساتھ برابری کی بنیاد پر سلوک کرنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ میں درجے سے قطع نظر، تمام لوگوں کے لیے قواعد، پالیسیاں اور تادیبی کارروائیاں برابر ہیں اور مسلسل نافذ کی جاتی ہیں۔

جہاں انچکیپ عدم پاسداری والے افعال کے لیے مکمل عدم برداشت کی پالیسی اپناتی ہے، تو اس کا اطلاق تنظیم میں اوپر سے لے کر نیچے تک ہوتا ہے۔
انچکیپ تمام ملازمین کے ساتھ نوکری کے عہدے، تنظیم میں درجے، نوکری کی مدت، نسل، عمر، جنس، مذہب یا سیاسی نظریات سے قطع نظر برابری کا سلوک کرنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
کمپلائنس کا عملہ

قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے لیے انچکیپ کا عزم اس کے پاسداری کے کل وقت عہدے کے قیام سے ظاہر ہوتی ہے، جس کا مقصد انچکیپ کے کمپلائنس پروگرام کو برقرار رکھنا اور نافذ کرنا ہے۔

گروپ کمپلائنس آفیسر (GCO) پر پروگرام کی مسلسل بہتری اور پوری کمپنی میں قانونی پاسداری کے متعلق آگاہی کو فروغ دینے کی ذمہ داری ہے۔

جی سی او اپنے سی ای او اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو رپورٹ کرتا ہے۔
جی سی او کا مقصد انچکیپ کو قانون کی پاسداری کے خلاف رویے سے بچانا اور قانونی پاسداری سے متعلق سوالات یا خدشات ہونے کی صورت میں تمام ملازمین کو معاونت فراہم کرنا ہے۔
ملازمین جی سی او سے رازدارانہ طور پر بات کر سکتے ہیں۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
تربیت کا

انچکیپ تمام ملازمین کو ان کی نوکریوں میں معاونت فراہم کرنے کے لیے ضروری تربیت فراہم کرنے کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ تمام ملازمین سے کسی قسم کا کام کرنے سے پہلے قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے موضوعات پر وسیع حد کی تربیت لینے کا تقاضہ کرتی ہے۔
یہ لازمی تربیت اس وقت فراہم کی جاتی ہے، جب کوئی ملازم انچکیپ میں شامل ہوتا ہے۔
اس کے علاوہ کسی ملازم کے انچکیپ کے ساتھ پورے عرصے کے دوران اسے تازہ کن تربیتی نشستیں فراہم کی جائیں گی۔

انچکیپ سمجھتا ہے کہ قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے موضوعات پر باقاعدگی سے تربیت کر کے ہی یہ ممکن ہے کہ قانونی پاسداری اور اخلاقیات کی پالیسیوں کے متعلق آگاہی برقرار رہے اور کام کرتے ہوئے قانون کی پاسداری کو ہر وقت سب لوگوں کے ذہن میں رکھا جائے۔
قانونی پاسداری اور اخلاقیات کی تربیت انچکیپ کے تمام ملازمین کے لیے لازمی ہے، بے شک تنظیم میں ان کا درجہ یا ان کی نوکری کی لمبائی کیا ہو۔

انچکیپ ”اوپر سے اصلاح“ کی اہمیت میں یقین رکھتی ہے، جس میں سینئر عملے سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ درست ذاتی اور کاروباری رویہ ظاہر کر کے مثال سے رہنمائی کریں اور قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے حوالے سے اگاہی پھیلائیں۔

چونکہ یہ ایک عالمی کمپنی ہے، انچکیپ مختلف زبانوں میں تربیت فراہم کرنے کا عہد کرتی ہے، تاکہ تمام ملازمین تربیت کو سمجھ سکیں۔
اگر ملازمین کو معذوریوں کی وجہ سے مشکلات ہیں، تو انچکیپ تربیت کے متبادل طریقے تلاش کرنے کا عہد کرتی ہے۔

اخلاقی اور قانونی طور پر پابند کاروباری رویہ فراہم کرنے کا انچکیپ کا عزم دنیا کے دور دراز علاقوں تک بھی جاتا ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اطلاع رسانی کو آسان بنانے کا

قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے لیے انچکیپ کے عزم کا مطلب ہے کہ یہ کسی بھی ایسے واقعے کے بارے میں جاننا چاہتی ہے، جس میں کمپنی ان معیارات کو برارقر رکھنے میں ناکام ہوئی، جو یہ چاہتی ہے۔
جیسا کہ پچھلے حصے خدشہ کیسے اٹھائیں میں بات کی گئی ہے اور جیسا کہ اس کتابچے کی پچھلی جانب تفصیلات فراہم کی گئی ہیں، ملازمین اور تیسرے فریقین، دونوں کے لیے اطلاعات، خدشات اور سوالات اٹھانے کے کئی طریقے ہیں۔

انچکیپ تمام رپورٹس کو ظاہری قدر پر اور بغیر تعصب کے دیکھتا ہے۔
تاہم، جان بوجھ کر بری نیت سے جھوٹی اطلاع دینے والے کسی بھی شخص کو تادیبی کارروائی کا خطرہ ہو گا۔

انچکیپ کا...

اپنے ملازمین سے عہد

انچکیپ عہد کرتی ہے... اپنی پالیسیوں کے نفاذ کا

انچکیپ غلط کاموں کی تمام اطلاعات کی رسمی، معیاری اور آزادانہ طریقے سے تحقیق کرنے کا عہد کرتی ہے۔
تحقیقات کو گروپ کمپلائنس آفیسر منتظم کرتا ہے۔

انچکیپ تمام ملازمین سے تحقیقات میں معاونت کرنے اور انہیں رازدارانہ رکھنے کی توقع کرتی ہے۔
ایک مرتبہ تحقیقات مکمل ہونے پر، انچکیپ کسی قسم کی ضروری تادیبی کارروائی کو غیرمتعصبانہ اور منصفانہ طریقے سے نافذ کرنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے... کام کے ایک محفوظ ماحول کا

بندرگاہیں، گودیاں یا حتٰی کہ دفاتر بھی خطرناک جگہیں ہو سکتے ہیں۔
انچکیپ صرف اس صورت میں کام کو کامیابی سے مکمل سمجھتی ہے، اگر کوئی بھی شخص خطرے میں نہ پڑے۔
منصفانہ برتاؤ کے حوالے سے اپنی اخلاقیات اور قانونی پاسداری کی پالیسیوں کے ساتھ، انچکیپ اپنے ملازمین کے لیے محفوظ جائے کار برقرار رکھنے پر بھی بےحد زور دیتی ہے۔

صحت و حفاظت انچکیپ کے لیے انتہائی اہم ہیں، بے شک بندرگاہ، سمندر یا دفتر ہو۔
انچکیپ حفاظت میں اعلی معیارات کا عہد کرتی ہے اور اس کے پاس ایک مختص کردہ ہیلتھ، سیفٹی سیکورٹی اینڈ انوارنمنٹ (HSSE) ڈیپارٹمنٹ موجود ہے، جو کام کے طریقہ ہائے کار کی نگرانی کرتا ہے، ملازمین کی تربیت کرتا ہے اور یقینی بناتا ہے کہ انچکیپ بین الاقوامی معیارات کی پاسداری برقرار رکھے۔

انچکیپ اس بات کو یقینی بنانے کا عہد کرتی ہے کہ اس کی جائے کار حراسگی، زیادتی اور استحصال سے پاک ہوں اور یہ کہ وہ منشیات اور الکحل سے پاک ماحول ہوں۔

ہر ملازم یا آنے والے شخص کو پراعتماد محسوس کرنا چاہیے کہ کام کا ماحول محفوظ اور صحت بخش ہے۔
کوئی بھی ایسا شخص، جو ایسا محسوس نہیں کرتا، پر فورًا آواز اٹھانے کے لیے زور دیا جاتا ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے... اچھی انتظامیہ کا

انچکیپ اپنے منیجرز سے اعلیٰ معیارات کی توقع کرتی ہے۔
انچکیپ کی انتظامیہ کو نہ صرف اس ضابطے کے معیارات کو لازمی طور پر قائم رکھنا چاہیے بلکہ اپنے افعال کے ذریعے مثال قائم کرنی چاہیے۔

رہنما عہدوں پر موجود لوگوں سے مثالی دیانت داری اور اخلاقیات ظاہر کرنے، انچکیپ کی اقدار کے مطابق عمل کرنے، قانون کی عدم پاسداری والے رویے کے حوالے سے چوکس رہنے اور اسے روکنے اور اس بات کو یقینی بنانے کی توقع کی جاتی ہے کہ تمام ملازمین کو کام کرنے کے لیے ایک اخلاقی اور پیشہ وارانہ جائے کار ملے۔
انچکیپ اپنے تمام منیجرز سے اخلاقی رویے کو فروغ دینے اور موقع آنے پر ملازمین کے ساتھ خود قانونی پاسداری کی تربیت مکمل کرنے کی توقع کرتا ہے۔

منیجر کام کا ایسا ماحول بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں، جہاں ملازمین انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر اخلاقیات اور قانونی پاسداری کے مسائل کے متعلقہ خدشات اٹھانے میں آرامدہ محسوس کریں۔
انچکیپ اپنے منیجرز کو اپنے استعمال کے لیے تربیتی ٹولز فراہم کرنے کا عہد کرتی ہے۔

اور بدلے میں...

بدلے میں، انچکیپ اپنے ملازمین سے توقع کرتی ہے کہ وہ ایک پیشہ وارانہ، ایماندارانہ اور شفاف طریقے سے عمل کریں، اپنا کام اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق کریں، انچکیپ کے کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کے ضابطے اور قانونی پاسداری کی پالیسیوں کی پابندی کریں، کسی قسم کی فراہم کردہ تربیتی نشستوں میں فعال طور پر حصہ لیں، چھان بین یا تحقیقات کے ساتھ تعاون کریں اور اس وقت آواز اٹھائیں، جب وہ کوئی غلط چیز یا کوئی ایسی چیز دیکھیں، جسے وہ سمجھ نہ سکتے ہوں، جو اخلاقیات اور قانون کی ممکنہ خلاف ورزی کے حوالے سے خدشات پیدا کرتی ہو۔

انچکیپ کا...

تیسرے فریقین کے ساتھ تعامل کے حوالے سے عہد

انچکیپ عہد کرتی ہے...
امناسب احتیاط کا

اانچکیپ کے زیادہ تر کام میں اپنے گاہکوں کے لیے کام کرنے کے لیے فروخت کنندگان اور ذیلی ٹھیکیداروں کو منتظم کرنا شامل ہوتا ہے اور انچکیپ پوری دنیا میں خدمات کے ہزاروں فراہم کنندگان کے ساتھ کام کرتی ہے۔
انچکیپ کسی کاروباری تعلق میں شامل ہونے سے پہلے تیسرے فریقین کے پس منظر کی مطلوبہ تحقیقات اور نظرثانیاں کرنے اور انچکیپ کے ساتھ ان کے کام کرنے کے عرصے کے دوران ان کی اہلیت کی حالت کی نگرانی کرنا جاری رکھنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
معلومات کے تحفظ کا

انچکیپ باقاعدگی سے اپنے گاہکوں سے رازدارانہ اور کاروباری طور پر حساس معلومات موصول کرتی ہے۔
انچکپ اس معلومات کے تحفظ کے لیے نظام لاگو ہونے کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ ای یُو جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کی پابندی کرتی ہے اور اس کے تمام نظام، پالیسیاں اور عمل درآمد ان قوانین سے مطابقت رکھتے ہیں۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
اخلاقی کاروباری تعلقات کا

تحفے اور تفریح کاروباری زندگی کا عام حصہ ہیں۔
کسی گاہک کے لیے کھانا خرید لینا یا کسی فروخت کنندہ سے مٹھائیوں کا ڈبہ موصول ہونا قابل قبول کاروباری طرز عمل ہیں، جو خیراندیشی اور پائیدار تعلقات پیدا کرتے ہیں۔

مگر ہمیں اس حوالے سے محتاط ہونا ہوگا کہ ایسا درست طریقے سے ہو۔
انچکیپ عہد کرتی ہے کہ تیسرے فریقین کے ساتھ تحائف اور/یا تفریح کا تبادلہ کبھی بھی کسی کاروباری فیصلہ پر غلط طریقے سے اثر انداز ہونے کے لیے نہیں ہونا چاہیے۔

انچکیپ تحائف اور تفریح کے لیے نظرثانی اور منظوری کا عمل برقرار رکھتا ہے۔
انچکیپ امید کرتا ہے کہ گاہک اور فروخت کنندگان سمجھیں گے کہ بعض اوقات انچکیپ کے ملازمین کے لیے روایتی کاروباری نفاستوں کا حصہ ہونا ممکن نہیں ہو سکتا، تاکہ وہ غلط کام کے کسی گمان سے بچ سکیں۔

جہاں گاہکوں اور فروخت کنندگان کی اسی طرح کی یا مزید سخت پالیسیاں ہوں، تو انچکیپ انہیں واضح کیے جانے پر برا محسوس نہیں کرے گی اور انچ کیپ تیسرے فریقین کی پالیسیوں کی پابندی کرنے کا عہد کرتی ہے۔

انچکیپ کی پالیسی بیان کرتی ہے کہ انچکیپ کے ملازمین کو اپنی طرف سے یا اپنے خاندان یا دوستوں کی طرف سے کسی موجودہ یا ممکنہ سپلائر، فروخت کنندہ، ایجنٹ، کنسلٹنٹ، گاہک یا حریف کی جانب سے کسی قسم کے تحفے، شکرانے یا دیگر کسی ذاتی فائدے یا احسان کی حوصلہ افزائی یا درخواست نہیں کرنی چاہیے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
مفادات کے تصادم سے بچنے کا

انچکیپ ایسی صورتحالوں سے بچنے کی ضرورت کو سمجھتی ہے، جن میں کاروباری رائے اور فیصلہ سازی پر ذاتی مفادا اور تعلقات کی وجہ سے اثر انداز ہو سکتے ہوں یا اثر انداز ہوتے نظر آتے ہوں۔
کاروباری فیصلوں کو حقیقی خوبیوں پر مبنی ہونا چاہیے۔

انچکیپ اپنے تمام ملازمین سے مفادات کے کسی قسم کے ممکنہ تصادم کے بارے میں کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کو آگاہ کرنے کا تقاضہ کرتی ہے، تاکہ ان کی نظرثانی، منظوری یا انکار اور ریکارڈ سازی کی جا سکے۔
اس پالیسی کا اطلاق انچکیپ کے سیاسی پارٹیوں اور خیراتی تنظیموں کے ساتھ تعامل پر بھی ہوتا ہے۔
انچکیپ کسی بھی وجہ سے کسی سیاسی تنظیم کو عطیہ نہیں دے گی، بشمول مفت چیزیں دینا یا مفت خدمات فراہم کرنا۔

اس کے علاوہ، کسی بھی عہدیدار سیاست دان یا ایک سال کے اندر سرکاری عہدہ چھوڑنے والے کو کمپنی کے اندر کوئی عہدہ یا مفت چیزیں نہیں دی جائیں گی۔

کسی قسم کے خیراتی عطیات کا فیصلہ اور منظوری بورڈ آف ڈائریکٹرز کے درجے پر ہو گی۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
منصفانہ مقابلے کا

انچکیپ کاروبار کے لیے برابری کے میدان پر مقابلہ کرنے اور حریفوں یا کاروبار کو محدود نہ کرنے کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ قیمت مختص کرنے والے کسی قسم کے معاہدے کرنے یا حریفوں کے ساتھ کسی قسم کے کارٹل سسٹم میں داخل ہونے سے گریز کرنے کا عہد کرتی ہے اور انچکیپ مقامی اور بین الاقوامی اینٹی ٹرسٹ قوانین کی پابندی کرے گی۔

اس کے علاوہ، انچکیپ اور اس کے ملازمین کسی حریف کی رازدارانہ معلومات حاصل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے اور اگر اسے حادثاتی طور پر کوئی معلومات موصول ہوں، تو یہ اس معلومات کو ضائع کر دے گی اور متعلقہ فریقین کو مطلع کرے گی۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
دستاویزات رکھنے کا

شفافیت کے لیے اپنے عزم کے طور پر، انچکیپ کام سے متعلقہ ہر قسم کی دستاویزات کو برقرار اور ذخیرہ رکھنے کا عہد کرتی ہے، جو بعد میں قابل اطلاق قواعد کے تحت آڈٹ یا قانونی مقاصد کے لیے ضروری پڑ سکتی ہیں۔

انچکیپ کا...

استحکامیت کے لیے عہد

انچکیپ اس زمین اور معاشرے کے لیے اپنے ذمہ داری کو قبول کرتی ہے۔
انچکیپ، جہاں پر عملی طور پر ممکن ہو، ہوا میں اخراج کو کم کرنے، آلودگی کو کم کرنے، ضیاع مواد کو قابو کرنے اور لینڈ فلز اور سمندروں میں جانے والے فضلے کی مقدار کم کرنے کے لیے مواد کو دوبارہ استعمال اور ریسائیکل کرنے کا عہد کرتی ہے۔
انچکیپ تمام سرگرمیوں میں مؤثر طریقے اور بہترین طرز عمل اختیار کر کے زمین کے ناقابل تجدید وسائل کے استعمال کو کم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

انچکیپ سسٹین ایبل پروکیورمنٹ انیشیئیٹو کے اہداف و مقاصد برٹش سسٹین ایبل پروکیورمنٹ اسٹینڈرڈ BS8903 کے اندر موجود اصولوں سے مطابقت رکھتے ہیں اور وہ درج ذیل ہیں:

- درج ذیل ہیں:
- مسلسل بہتری اور جدت پسند حل استعمال کر کے ممکنہ حد تک کم وسائل اور کم توانائی استعمال کرنا۔
- ایسے مواد، مصنوعات اور خدمات مختص اور حاصل کرنا، جو سماجی، معاشی اور ماحولیاتی عناصر کے درمیان ایک معقول توازن رکھیں اور معاشرے اور معیشت کے لیے فوائد پیدا کریں۔
- کم وسائل استعمال کرنے والی مصنوعات استعمال کرنا اور اس کی زندگی ختم ہوتے وقت استعمال کو ضروری توجہ دینا۔
- جہاں ممکن ہو، چھوٹے اور درمیانے حجم کے کاروباروں کو مواقع فراہم کرنا، سماجی انٹرپرائزز کا استعمال بڑھانا، مقامی ملازمتوں کی حمایت کرنا، تنوع اور تربیت اور رضاکارانہ کام کے شعبے، خصوصًا جو اپنے دفاتر اور کاموں کے قریب موجود ہیں، کے ساتھ اشتراک میں کام کرنا۔

انچکیپ ماحولیاتی، استحکامی اور سماجی ذمہ داریوں کے حوالے سے اپنے کارکردگی کی باقاعدگی سے بینچ مارکنگ اور بہتری کا عہد کرتا ہے۔

اس موضوع پر مزید معلومات اور انچکیپ کے اقدامات کی تفصیلات انچکیپ کی ویب سائیٹ اور انٹرانیٹ پر پائی جا سکتی ہیں۔

انچکیپ کا...

واضح پالیسیوں کا عہد

جبکہ کاروباری طرز عمل اور اخلاقیات کا یہ ضابطہ قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے حوالے سے انچکیپ کے لیے اعلٰی درجے کے اہداف مختص کرتا ہے، اس کی تفصیلات کمپلائنس پالیسیز کے اندر پائی جا سکتی ہیں۔ ان پالیسیوں میں مخصوص قواعد و ضوابط ہیں، جو قانونی پاسداری اور اخلاقیات کے لیے انچکیپ کے عہد کے تمام پہلوؤں کی رہنمائی کرتے ہیں۔

ہر کمپلائنس پالیسی میں تفصیلات ہوں گی کہ پالیسی کس چیز کا احاطہ کرتی ہے، وضاحت کرے گی کہ قواعد و ضوابط کیا ہیں، مزید معلومات تلاش کرنے کے حوالے سے معلومات فراہم کرے گی اور پالیسی پر عمل کرنے میں ناکامی کی صورت میں
ممکنہ تادیبی نتائج کو بیان کرے گی۔
انچکیپ کی کمپلائنس پالیسیز اور کاروباری طرز عمل اور اخلاق کا یہ ضابطہ انچکیپ کے مجموعی کمپلائنس پروگرام کا اہم حصہ ہیں۔
یہ پروگرام انچکیپ کے کمپلائنس چارٹر کے تحت چلتا ہے، جو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور گروپ کمپلائنس آفیسر کے لیے اختیارات اور ذمہ داریاں وضع کرتا ہے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
قابل رسائی پالیسیوں کا

انچکیپ اپنی کمپلائنس پالیسیوں کو آسانی سے قابل رسائی، آسانی سے پڑھنے کے قابل اور آسانی سے سمجھنے کے قابل رکھنا چاہتی ہے۔

یہ پالیسیاں کمپنی کے انٹرانیٹ پر پڑھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔
متبادل طور پر اس کی نقول کی گروپ کمپلائنس آفیسر سے یا کمپلائنس کے ای میل پتے پر درخواست کی جا سکتی ہے۔

تیسرے فریقین بھی انہی طریقوں سے انچکیپ کی کمپلائنس پالیسیوں میں سے کسی کی بھی نقول کی درخواست کر سکتے ہیں۔

رابطہ تفصیلات اس کتابچے کی پچھلی جانب دستیاب ہیں۔
موجودہ پالیسیاں کمپنی کے انٹرانیٹ پر واضح کی گئی ہیں، مگر ان میں کسی بھی وقت تجدید اور تظرثانیاں کی جا سکتی ہیں۔

پالیسیوں کو ڈاؤن لوڈ کرتے ہوئے اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ صرف کمپنی کے انٹرانیٹ پر دکھائے گئے ورژنز کو فعال ورژن تصور کیا جانا چاہیے۔

انچکیپ عہد کرتی ہے...
پالیسیوں کی وضاحت کا

انچکیپ چاہتی ہے کہ اس کی تمام کمپلائنس پالیسیاں جتنا ممکن ہو سکے آسانی سے پڑھی اور سمجھی جا سکیں۔
ہر پالیسی کے اختتام پر ایک حصہ موجود ہے، جس میں سوالات پوچھنے اور مزید معلومات تلاش کرنے کے طریقے کے حوالے سے ہدایات موجود ہیں۔

انچکیپ تمام ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ اگر وہ کسی پالیسی کے مطلب کے حوالے سے غیریقینی صورتحال کا شکار ہیں، تو وہ وضاحت مانگیں۔

رابطہ تفصیلات

ایسے ملازمین یا دیگر لوگ، جو قانونی پاسداری یا اخلاقیات کی محسوس کردہ کسی خلاف ورزی کے متعلق کسی خدشے کی اطلاع دینا چاہتے ہوں یا جن کے پاس اس ضابطے یا انچکیپ کی کسی کمپلائنس پالیسی کے متعلق سوالات ہوں، یہاں پر رابطہ کر کے ایسا کر سکتے ہیں:

کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ
compliance@iss-shipping.com

ہاٹ لائن
www.convercent.com

ویب سائٹ
http://www.iss-shipping.com

گروپ کمپلائنس آفیسر
Matthew Paice
Matthew.Paice@iss-shipping.com

سائبر سیکورٹی اینڈ کمپلائنس منیجر
Lee Scott
Lee.Scott@iss-shipping.com

لیگل اینڈ ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کے سربراہ
Lee Scott
Lee.Scott@iss-shipping.com

صرف انچکیپ کے ملازمین
Niree Mahabeer
Niree.Mahabeer@iss-shipping.com

خدشات کی اطلاع دینے کے لیے ملازمین کے لیے اضافی وسائل میں شامل ہیں:

- ڈائریکٹ منیجر
- ہیومن ریسورسز
- لیگل ڈیپارٹمنٹ
- انچکیپ انرانیٹ

www.iss-shipping.com
compliance@iss-shipping.com

© Inchcape Shipping Services 2018